# سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرام کے معیار کے پیمانے

ہر روز، پورے نیویارک شہر میں، ہم یہ یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں کہ ہمارے تمام طلبا اپنی تعلیم کے اگلے مرحلے کے لیے مستعد ہونگے، اور آخرکار، اکیسویں صدی میں بطور شہری کے کامیاب اور سرگرمِ عمل ہونے کے لیے تیار ہونگے- اس مقصد کے ایک جز کے بطور، اور نیویارک شہر کی تاریخ میں پہلی مرتبہ، ہر چار سالہ بچے کو نیویارک شہر کی سب کے لیے پری کنڈرگارٹن کے ذریعے مفت، کُل دن، اعلٰی معیار کی پری کنڈرگارٹن میں اپنی کامیابی کی راہ پر گامزن ہونے کا موقع ملے گا-

نیویارک شہر سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرام کے معیار کے پیمانے نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (NYCDOE) کے نیویارک شہر میں سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگراموں کے اعلٰی معیار کے نظریے کو بیان کرتے ہیں- وہ خاندانی شمولیت، کڑی اور نمو کے اعتبار سے مناسب تدریس، پیشہ ورانہ ہم آہنگی اور قیادت کو بیان کرتے ہیں جو نیویارک ریاست پری کنڈرگارٹن کامن کور کے لیے بنیاد New York State Prekindergarten Foundation for the Common Core (PKFCC) میں خاکہ کش کیے گئے علم اور صلاحیتیں حاصل کرنے میں بچوں کی معاونت کرتی ہیں- پری کنڈرگارٹن سے 12 تک کے سلسلے میں NYCDOE کے اسکولی اصلاح کے نظریے سے جڑا ہوا، DOE Framework for Great Schools سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرام کے معیار کے پیمانے تمام سطوح پر پری کنڈرگارٹن پروگراموں کے لیے توقعات کا ایک مشترکہ سیٹ قائم کرتے ہیں- NYCDOE کا شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم (DECE) کا عملہ، پری کنڈرگارٹن پروگرام کے قائدین اور اساتذہ، اور پری کنڈرگارٹن خاندان پروگرام معیار کے پیمانوں کو پروگرام کو سمجھنے اور معیار کو آگے بڑھانے اور بچوں کے لیے مثبت نتائج کے لیے استعمال کریں گے-

پری کنڈرگارٹن ہمارے شہر کے نوعمر متعلمین کے لیے ایک اہم اور بے بدل بنیاد ہے، اور NYCDOE کے ساتھ انکی تعلیمی نسبت کا آغاز ہے- اس بنا پر، پروگرام معیار کے پیمانے نیویارک شہر محکمۂ تعلیم، سب کے لیے پری کنڈرگارٹن کے معلمین اور نیویارک شہر ابتدائی تعلیمی مراکز (NYCEECs) کے قائدین اور الیمنٹری اسکولوں کے مابین ہم آہنگی کا نیا موقع فراہم کرتے ہیں- پری کنڈرگارٹن بچے اور انکے خاندان پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن کے مابین ہموار منتقلی سے مستفید ہونگے، اور NYCDOE پری کنڈرگارٹن سالوں میں آموزش اور نشو ونما کے لیے تعمیر کی گئی معیاری بنیاد پر تعمیر جاری رکھ سکتا ہے- اسکولی سال 2015-2016 سے شروع، DECE کی موافقتی معاونتیں اور پیشہ ورانہ تعلیمی مواقعوں کو پروگرام معیار کے پیمانوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا اور ایک مشترکہ فہم کو گہرا کرنے کے لیے DECE پروگراموں اور برادریوں کے ساتھ سرگرم عمل ہوگا- سب کے لیے پری کنڈرگارٹن معیار کے پیمانے ہمارے طریقہ ہائے کار کو بہتر بنانے کی ایک متحدہ کوشش کرے گی جو تمام بچوں کو کنڈرگارٹن اور اسکے بعد کامیابی کے لیے تیار کرے گا-

# سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرام معیار کے پیمانوں کو فریم ورک فار گریٹ اسکولز کے ساتھ ہم آہنگ کرنا

## اہل خانہ - برادری کے مستحکم تعلقات

نیویارک شہر سب کے لیے پری کنڈرگارٹن مستحکم تعلقات کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور یہ ایک بچے کے P-12 تجربے کے آغاز پر خاندانوں کے ساتھ شراکت قائم کرنے کا ایک یگانہ موقع ہے- پری کنڈرگارٹن پروگرامز خاندانوں کے ساتھ ایسے طریقوں سے ابلاغ کرکے جسے خاندان سمجھ سکتے ہوں اور اسکا احترام کرکے جو خاندان اپنے بچے اور اسکی ضروریات کے بارے میں جانتے ہیں اپنی برادری میں اعتماد اور احترام تخلیق کرتے ہیں- خاندانوں کی اپنے بچے کا پہلا استاد اور حمایتی ہونے کا کردار ادا کرنے کی صلاحیت تعمیر کرنے میں مدد کی جاتی ہے، اور پروگرامز ہر بچے اور خاندان کو کامیاب ہونے میں مدد کرنے کے لیے خاندانوں اور اجتمائی تنظیموں کے ساتھ شراکت کرتے ہیں-

## مؤثر اسکولی قیادت

نیویارک شہر سب کے لیے پری کنڈرگارٹن کے قائدین اس نظریے کی تخلیق کرنے میں ایک کلیدی کردار ادا کرتے ہیں کہ پروگرام کس طرح ہر بچے کی اس برادری کے تناظر میں سیکھنے اور نشو ونما پانے میں مدد کرے گا جنکو ہر پروگرام خدمات فراہم کرتا ہے- وہ اس نظریے کی حمایت میں پروگرام میں ایک مثبت ثقافت تخلیق کرتے ہیں اور اہداف قائم کرنے کے لیے اساتذہ اور خاندانوں کے ساتھ  ملکر کام کرتے ہیں- وہ بچو ں کے لیے نتائج کو بہتر بنانے میں اپنے وسائل کا انتظام کرنے کے لیے متعدد نوعیت کی معلومات اکھٹی اور استعمال کرتے ہیں- قائدین پروگرام کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اپنے عملے اور خاندانوں کے ساتھ ملکر کام کرتے ہیں-

## معاونتی ماحول

نیویارک شہر سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرامز بچوں کی آموزش اور نشو ونما کے دوران ایک محفوظ اور صحت افزا ماحول بطور بنیاد فراہم کرتے ہیں- پروگرامز انفرادی بچوں کے لیے تفرقات کا احترام اور قدر کرتے ہیں، اور تدریسی طریقوں میں تبدیلیاں کرتے ہیں تاکہ ہر بچہ کامیاب ہوسکے- ہر ایک بچے کی اسکی ہمہ صفت آموزش اور نشو ونما کی اعلٰی توقعات کی تکمیل میں مدد کی جائے گی-

## کڑی تدریس

سب کے لیے پری کنڈرگارٹن بچے سرگرم متعلمین ہیں جو کھیل، تفتیش، اور اپنے اساتذہ اور ہمسروں کے ساتھ تعلقات کے ذریعے سیکھتے ہیں- اساتذہ کرداری نمونے ہوتے ہیں اور ملکر اور بچوں کے ساتھ کلاس میں ایک ایسی ثقافت تخلیق کرنے کے لیے کام کرتے ہیں جہاں بچے ناقدانہ تفکر سیکھتے ہیں، مسائل حل کرنے کے لیے متحرک ہوتے ہیں اور تخلیقی طور پر سوچتے ہیں، اور خودمختارانہ کام کرسکتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ مثبت طریقوں سے تعامل کرتے ہیں- جب اساتذہ بچوں کے ساتھ گہرا تعامل کرتے ہیں، کلاس روم میں تنوعیت کا خیرمقدم کرنے کے لیے مواد اور کتابیں مہیا کرتے ہیں، اور فطری ماحول کو ایک فکر انگیز اور موثر طریقے سے ترتیب دیتے ہیں، تمام بچوں کی انکی تدریس اور نشوونما میں معاونت کی جاتی ہے-

نیویارک شہر سب کے لیے پری کنڈرگارٹن میں، اساتذہ اپنی کلاسوں کے بچوں کے بارے میں نوعمر بچوں کے لیے مناسب تشخیصات، بچوں کے مشاہدے اور سماعت، اور خاندانوں کے ساتھ دو طرفہ ابلاغ کے ذریعے جانتے ہیں- اساتذہ نصاب کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے اس علم کو پری کنڈرگارٹن فاونڈیشن فار دی کامن کور کے تمام شعبوں میں پری کنڈرگارٹن بچوں کے لیے تعلیمی اہداف کے ساتھ استعمال کرتے ہیں- یہ سائکل مسلسل جاری رہتا ہے اور اساتذہ کو سارا سال بچے جو جانتے ہیں اور کرسکتے ہیں اسکے مطابق ردِعمل کرنے کا موقع دیتا ہے- تشخیص اور منصوبہ بندی کے ان افعال کی شدت، اور ساتھ ہی ایسی تدریس کے ذریعے جو ان طریقوں کو تسلیم کرتی ہے جن سے بچے سیکھتے ہیں، یہ یقینی بناتا ہے کہ سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرامز ان علوم، صلاحیتوں اور اندازِ فکر کی فروغ دہی میں تمام بچوں کی اعانت کرتے ہیں جو کنڈرگارٹن اور اسکے بعد کامیابی کے لیے درکار ہیں-

## اشتراکی اساتذہ

نیویارک شہر سب کے لیے پری کنڈرگارٹن قائدین اور دیگر تدریسی عملہ اپنی پیشہ ورانہ طریقِ کار اور بچوں اور خاندانوں کے لیے ماحاصل کو بہتر بنانے میں پُرعظم ہیں-  وہ پری کنڈرگارٹن کلاسوں میں تدریس و تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ملکر کام کرتے ہیں- پروگرام قائدین اساتذہ اور دیگر عملے کے ساتھ طلبا کے کام سے سیکھنے اور پیشہ ورانہ تبصرات فراہم کرنے کے لیے کام کرتے ہیں- اساتذہ اپنی تعلیم کی خود ذمہ داری لیتے ہیں اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی فروغ دہی میں انکی اعانت کی جاتی ہے-

## اعتماد

بچو ں کو اسکول اور اسکے بعد کامیابی کے لیے تیار کرنے میں ہر کوئی بچے اور خاندان کے ماحاصل کو بہتر بنانے کے مشترکہ ہدف کی جانب کام کرتا ہے-  پروگرام منتظمین، تدریسی عملہ، بچے اور خاندان ایکدوسرے کی قدر اور احترام کرتے ہیں- پروگرام کے تمام ممبران اور اسکولی برادری کے مابین تمام تعلقات باہمی احترام، ذاتی لحاظ اور دیانت داری پر مبنی ہیں-

# سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرام کی خاصیت کے معیارات

## اہل خانہ - برادری کے مستحکم تعلقات

1. Strong Relationships (مستحکم تعلقات): پروگرامز مستحکم تعلقات قائم کرنے کے لیے باہمی احترام، اعتماد اور خاندانوں اور برادری کے ساتھ اور انکے مابین روابط کو فروغ دیتے ہیں۔
2. Two-Way communication(دوطرفہ ابلاغ): پروگرامز بچوں کی بہبود، تعلیمی کامیابی اور ارتقائی پیش رفت کی اعانت میں ایک ثقافتی اور لسانیاتی طور پر موثر طریقے سے پروگرام کے عملے اور خاندانوں کے مابین معلومات کے دوطرفہ بانٹنے کو فروغ دیتے ہیں۔
3. Capacity-Building (استعداد کی تعمیر): پروگرامز خاندانوں کی انکے بچے کی نشوونما میں انکے اہم حصے کو تسلیم کرتے ہیں اور خاندانوں کی اعانت کرتے ہیں انکے کردار میں بطور اپنے بچے کے:
   - 3.1 Primary Teacher (ابتدائی استاد): پروگرامز خاندانوں کے ساتھ انکے بچے کی تعلیمی، سماجی، جذباتی اور طرز عمل کی صلاحیتوں کو قوی بنانے میں انکے استعداد کو فروغ دینے میں شریک بنتے ہیں جو آموزش کے لیے بنیادی ہیں۔
   - 3.2 Primary Advocate (ابتدائی حمایتی): خاندانوں کی اپنے بچوں کی ہمہ گیر ضروریات کی حمایت کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور پروگرام میں بہتری لانے کے لیے پروگرامز خاندانوں کے ساتھ شراکت کرتے ہیں۔

## معاونتی ماحول

4. Health, Safety & Well-being (صحت، حفاظت اور بہبود): پروگرام قائدین ایک محفوظ اور صحت افزا تعلیمی ماحول کو یقینی بناتے ہیں جو بچوں، خاندانوں اور پروگرام علمے کے لیے مثبت تجربات کی تائید کرتا ہے۔
5. Equity & individualization in Education (تعلیم میں مساوات اور تخصیص): قائدین اور تدریسی عملہ تدریس و تعلیم کے طریقہ ہائے کار اور خاندانی شمولیت کو ہر بچے کے مطابق ڈھالتا ہے، تاکہ تمام بچوں کی اپنی تعلیم اور نشوونمائی پیش رفت میں اعلٰی توقعات حاصل کرنے میں کامیابی کے ساتھ اعانت کی جاسکے۔

## کڑی تدریس

6. Developmental Screening & Authentic Assessment (نشو ونمائی جانچ اور مستند تشخیص): تدریسی عملہ تدریس کی تجدید کے لیے بچوں کی نشوونما اور آموزش کی مشترکہ فہم کو تمام شعبوں میں وسیع کرتا ہے۔
7. Curriculum Planning Cycle (نصابی منصوبہ بندی کا سائیکل): تدریسی عملہ پری کے فاونڈیشن فار دی کامن کور کے ساتھ ہم آہنگ نصاب کی منصوبہ بندی اور مطابقت کرنے کے لیے بچوں کے علم، بچوں کی نشوونما، اور تدریسی شعبوں کے تمام مواد کو مدغم کرتا اور اس پر ردِعمل کرتا ہے۔
8. Engaging Children in Meaningful Activity (بچوں کو پُرمعنی سرگرمی میں مصروف کرنا): تدریسی عملہ بچوں کو بطور سرگرم متعلمین کے مصروف رکھتا ہے اور بچو ں کے ساتھ روابط بنانے اور تمام شعبوں اور مختلف انواع کے پس منظروں اور تجربات میں بچوں کی تعلیم کو وسیع کرنے کے لیے موثر اور نشوونمائی طور پر مناسب حکمت عملیوں کو استعمال کرتے ہوئے بچوں کے ساتھ تعامل کرتا ہے۔
9. Creating a Positive Classroom Culture (ایک مثبت کلاس روم ثقافت تخلیق کرنا): پروگرامز بچو ں کو بااختیار بناتے ہیں اور بچوں کی ایک مثبت ذاتی نظریہ پیدا کرنے میں مدد کرتے ہیں اور بچوں کی انکے ہمسروں اور برادری کے بالغان اور انکے ماحول سے بااحترام اور تخلیقی طور پر تعامل کرنے میں عمداً رہنمائی کرتے ہیں۔
10. Physical Resources for Learning (تدریس کے فطری وسائل): پروگرام کا عملہ بامقصد کھیل کے ذریعے بچوں کی آموزش اور نشوونما کو سہل بنانے کے لیے کلاس میں اور باہر فطری جگہ اور وسائل تخلیق کرتے ہیں۔

## اشتراکی اساتذہ

11. Cultivating Professional Practice and Leadership (پیشہ ورانہ طریق کار اور قیادت تخلیق کرنا): قائدین اور تدریسی عملہ مسلسل پیشہ ورانہ تعلیم، اشتراک اور قائدانہ فروغ میں کلاس روم کے معیار اور پروگرام کے تجربے کو بطور شراکت دار کے بہتر بناتے ہیں۔

## مؤثر اسکولی قیادت

12. Shaping A Vision (ایک نظریہ قائم کرنا): قائدین اپنے عملے اور خاندانوں کے ساتھ اور انکے مابین عمل کا ایک مشترکہ مقصد اور نظریے کو فروغ دیتے ہیں، اور اس مقصد کی اعانت میں ایک مثبت تنظیمی ثقافت اور برادری کی تعمیر کرتے ہیں۔
13. Resource Management (وسائل کی منتظمی): قائدین پروگرام کے اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے تنظیمی اور انسانی وسائل کو ایک پائیدار اور حکمت عملیانہ طریقے سے منظم کرتے ہیں۔
14. Program Quality Improvement (پروگرام کے معیار میں بہتری): قائدین کلاس روم اور پروگرام کے معیار کی تشخیص اور بہتری کے لیے اپنے عملے اور خاندانوں کے ساتھ اشتراک کرتے ہیں، تدریسی، خاندانی شمولیت، اور تنظیمی اہداف قائم کرنے کے لیے ایک منظم اعداد و شمار پر انحصار کرتے ہوئے، پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت کو بڑھاتے ہیں۔

**ذیل کا نیویارک شہر سب کے لیے پری کنڈرگارٹن معیار کے پیمانے بچوں، انکے خاندانوں اور تعلیمی برادری کے لیے ایک اعلی معیار کی پری کنڈرگارٹن تعلیم فراہم کرنے کے لیے اہم کلیدی طریقہ ہائے کار کو بیان کرتا ہے۔**

## اہل خانہ - برادری کے مستحکم تعلقات

### 1. مستحکم تعلقات

**پروگرامز مستحکم تعلقات قائم کرنے کے لیے باہمی احترام، اعتماد اور خاندانوں اور برادری کے ساتھ اور انکے مابین روابط کو فروغ دیتے ہیں۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. اسکولی سال کا آغاز ہونے سے قبل، پروگرام تمام خاندانوں کا انفرادی طور پر خیرمقدم کرتا ہے (مثلاً، استقبالیہ خطوط، فون کالز، بذاتِ خود ملاقاتوں کے ذریعے)، غیررسمی استقبالیہ تقریبات منعقد کرتا ہے جس میں خاندان ایکدوسرے اور پروگرام کے عملے کے ساتھ روابط قائم کرنا شروع کرتے ہیں، اور آنے والی پری کنڈرگارٹن منتقلی کے لیے خاندانوں اور انکے بچوں کی معاونت میں ایک واضح منصوبہ تیار کرتے ہیں۔

b. اساتذہ اور پروگرام کا عملہ گفتگو اور ضروریات کی سنجیدہ تشخیصات کے ذریعے خاندانوں کو جاننے کی ایک مسلسل کوشش کرتا ہے اور اس معلومات کو خاندانوں کے ساتھ مصروفِ عمل ہونے کے لیے ایک واضح طریقِ کار کی تیاری میں استعمال کرتا ہے جو خاندانوں کے شیڈول اور ثقافتی اور لسانیاتی ضروریات کا احساس کرتا ہے۔

c. پروگرام کے عملے کی خاندانوں اور انکے بچوں کی ضروریات کی تکمیل کرنے میں مدد کے لیے پروگرام برادری میں تنظیموں کے ساتھ رابطہ اور اشتراک کرتا ہے۔

d. پروگرام کا عملہ روزمرہ تعامل میں عمارت میں، فون پر اور رسمی ابلاغ کے ذریعے خاندانوں اور بچوں کا پُرجوش اور پُراحترام استقبال کرتا ہے۔

e. پروگرام اپنے محلِ وقوع کے فطری ماحول میں خاندانوں کی افادیت کا اظہار خاندانوں کا استقبال اور احترام کرنے والے سائن لگا کر اور انکے لیے ایک خاص جگہ تفویض کرکے کرتا ہے جہاں پر خاندان موثر وسائل تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں اور ایکدوسرے اور پروگرام عملے کے ساتھ تعلقات استوار کرسکتے ہیں۔

f. اساتذہ باقاعدہ خاندانوں کی ثقافتوں، ہنروں اور صلاحیتوں کو اسباق، سرگرمیوں اور اسکول کی تقریبات میں ایک ثقافتی طور پر موزوں طریقے سے شامل کرتے ہیں اور سارا سال کے دوران خاندانوں کے لیے جائے وقوع پر آکر اپنے بچوں کی کامیابیوں کا جشن منانے، جہاں مناسب ہو رضاکاری کرنے اور ایکدوسرے کے ساتھ رابطہ کرنے کے لیے متعدد مواقع پیدا کرتے ہیں۔

## 2. دوطرفہ ابلاغ

**پروگرامز بچوں کی بہبود، تعلیمی کامیابی اور ارتقائی پیش رفت کی اعانت میں ایک ثقافتی اور لسانیاتی طور پر موثر طریقے سے پروگرام کے عملے اور خاندانوں کے مابین معلومات کے دوطرفہ بانٹنے کو فروغ دیتے ہیں۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. اساتذہ سال کے آغاز میں خاندانوں سے انکے بچوں کی دلچسپیوں، قابلیتوں، یگانہ صحت، تحفظ اور تدریسی ضروریات کے بارے میں معلومات اکھٹی کرتے ہیں، اور خاندانوں کے لیے انکے بچوں کی نشو ونما کے بارے میں مشاہدات، ادراک اور تشویشات کو بانٹنے کے رواں، ثقافتی اور لسانیاتی طور پر موثر طریقے تخلیق کرتے ہیں۔

b. انکے بچوں کی خاصیتوں اور ضروریات کی ایک مشترکہ فہم کی بنیاد پر انکے بچوں کے لیے اہداف قائم کرنے میں اساتذہ خاندانوں کے ساتھ شراکت کرتے ہیں، نصابی اور تدریسی منصوبہ بندی میں اس اعداد و شمار کو استعمال کرتے ہیں، اور خاندانوں کے لیے اپنے بچوں کے کام کا جائزہ لینے اور انکی قائم کردہ اہداف حاصل کرنے کی جانب پیش رفت پر بات چیت کرنے کے خاص مواقع تخلیق کرتے ہیں۔

c. پروگرام اسکولی سال کے آغاز میں مقرر کیے گئے ابلاغی ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے اس بارے میں واضح طریقِ کار قائم اور مشتہر کرتے ہیں کہ خاندان اور عملہ کس طرح اشتراک کرتے ہیں جب انکے بچے کی تعلیمی، سماجی، جذباتی، اور کرداری نشوونما کے بارے میں تشویش پیدا ہوتی ہے۔

d. اساتذہ اور عملہ چھوڑنے اور لے جانے کے اوقات میں گفتگو کے ذریعے، اسکے ساتھ ہی خاندانوں کی ترجیح کے مطابق دیگر ابلاغی ذرائع سےخاندانوں کو اکثر انکے بچوں کی پیش رفت کے بارے میں مثبت اور تعمیراتی تبصرات فراہم کرتا ہے۔

## 3. استعداد کی تعمیر

**پروگرامز خاندانوں کی انکے بچے کی نشوونما میں انکے اہم حصے کو تسلیم کرتے ہیں اور خاندانوں کی اعانت کرتے ہیں انکے کردار میں بطور اپنے بچے کے:**

### 3.1 ابتدائی استاد

**پروگرام انکے بچے کی آموزش کے لیے بنیادی تعلیمی، سماجی، جذباتی، اور طرزِ عمل کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے استعداد کو بڑھانے کے لیے خاندانوں کے ساتھ اشتراک کرتا ہے۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. پروگرام بچے کی تعلیمی، سماجی، جذباتی اور طرزِ عمل کی نشوونما میں خاندانوں کے اہم کردار کے بارے میں ایک پختہ یقین کا اظہار کرتا ہے اور بچوں سے اعلٰی توقعات واضح طور پر اظہار کرنے اور بطور متعلمین انکی نشو ونما کی حوصلہ افزائی کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔

b. اسکولی سال کے آغاز سے شروع، اساتذہ اور عملہ خاندانوں کو پروگرام کی پالیسیوں، اہداف، اور مواد سے متعارف کرواتا ہے تاکہ خاندان سمجھ سکیں کہ انکا بچہ کیا سیکھ رہا ہے اور یہ آموزش پروگرام کے اہداف سے کس طرح ہم آہنگ ہے۔

c. اساتذہ خاندانوں کو انکے بچوں کی کلاسوں میں آنے، تدریس کا مشاہدہ کرنے اور کلاس روم کے معمولات، توقعات اور طریقِ کار کے بارے میں جانے کی دعوت دیتے ہیں۔

d. اساتذہ اور خاندان ان طریقوں پر گفتگو کرتے ہیں جس میں مخصوص، روزمرہ کی سرگرمیاں بچوں کی ذہنی نشوونما اور سیکھنے کی گنجائش پر اثرانداز ہوتی ہیں اور ان حکمت عملیوں کو بانٹنے، عمل کرنے اور بہتر بنانے کے لیے ملکر کام کرتے ہیں جو کلاس کے اندر اور باہر بچوں کی آموزش کو بہتر بنانے کی سعی کرتی ہیں۔

**3.2 ابتدائی حمایتی**

**خاندانوں کی اپنے بچوں کی ضروریات کی حمایت کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور پروگرام میں بہتری لانے کے لیے پروگرامز خاندانوں کے لیے مواقع پیدا کرتے ہیں۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. پروگرام خاندانوں کے لیے پروگرام کے معیار کے مختلف پہلوؤں پر تبصرات فراہم کرنے کے مؤثر مواقع تخلیق کرتا ہے اور خاندانوں کو اس سے مطلع کرتا ہے کہ انکے تبصرات کو کس طرح پروگرام کو بہتر بنانے میں استعمال کیا جائے گا۔

b. پروگرام خاندانوں کو پروگرام کی انتظامیہ میں براہِ راست حصہ لینے اور قیادتی کردار ادا کرنے کا کا موقع دیتا ہے جیسے اسکول قیادتی ٹیم، والدین اساتذہ انجمن، یا دیگر والدین / خاندان قیادتی کونسلیں۔

c. پروگرام سارا سال خاندانوں کے لیے رابطہ کرنے، سیکھنے اور مشترکہ وابستگیوں اور مسابقتوں میں ایکدوسرے کی اعانت کرنے کے متعدد مواقع پیدا کرتا ہے۔

d. پروگرام خاندانوں کو برادری میں دستیاب وسائل اور تنظیموں سے مربوط کرتا ہے جو خاندانوں کی انکے بچے کی ضروریات کی تکمیل میں مدد کرسکتی ہیں۔

e. پروگرام سارا سال کے دوران خاندانوں کو کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) طریقِ کار، بشمول خاص تعلیم حوالے اور تشخیص، اور ساتھ ہی "قابل اور ہنر مند" طریقِ کار کے بارے میں درکار معاونتیں فراہم کرتا ہے۔

f. پروگرام کا خاندانوں کو انکے بچے کی پری کنڈرگارٹن سے کنڈرگارٹن میں منتقلی میں مدد کرنے کا واضح منصوبہ ہے جس میں کنڈرگارٹن میں اندراج میں طریقِ عمل میں مدد اور ساتھ ہی اس بارے میں صریح ہدایات کہ اپنے بچے کے لیے مناسب کنڈرگارٹن ماحول کس طرح منتخب کریں۔

## معاونتی ماحول

### 4. صحت، حفاظت اور بہبود

**پروگرام قائدین ایک محفوظ اور صحت افزا تعلیمی ماحول کو یقینی بناتے ہیں جو بچوں، خاندانوں اور پروگرام علمے کے لیے مثبت تجربات کی تائید کرتا ہے۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. پروگرامز بچوں کی صحت کے مطلوبات کی کامیابی سے نگرانی اور انتظام کرتا ہے اور بچوں کے تدریسی ماحول کو تحفظاتی خطرات سے محفوظ رکھتے یا مناسب ردِعمل کرتے ہیں۔
b. پروگرامز یقینی بناتے ہیں کہ پروگرام میں کوئی بھی طبی طریقِ کار یا ترمیمات جو بچے کی جسمانی صحت کو فروغ دیتی ہیں وہ بچے کی سماجی، جذباتی اور ذہنی بہبود کے لیے بھی موثر ہیں۔
c. پروگرامز بچوں کے لیے کافی مقدار میں صحت بخش کھانا فراہم کرتے ہیں، جو غذائیت کے رہنما خطوط کی پابندی کرتا ہے اور جب بھی ممکن ہو مقامی اور / یا تحفظ پسندانہ وسائل استعمال کرتے ہیں۔
d. پروگرامز بچوں کی صحت اور تحفظ، طبی ضروریات اور انکے معمولات میں تبدیلیوں (جیسے بیت الخلا کا استعمال اور غذائیت) سے متعلق معلومات کے بارے میں بروقت اور پُراحترام طریقے سے مناسب ایجنسیوں اور خاندانوں سے بات چیت کرتے ہیں۔
e. پروگرام کا عملہ فطری ماحول کو ایسی جگہ تخلیق کرنے کے لیے منظم کرتا ہے جو آرام دہ اور تدریسی عملے اور خاندانوں کے لیے عملی طور پر موزوں ہوں، اور جو مثبت، دانستہ اور پُرادب زبانی اور تحریری ابلاغ کو فروغ دیں۔

## 5. تعلیم میں مساوات اور تخصیص

**قائدین اور تدریسی عملہ تدریس و تعلیم کے طریقہ ہائے کار کو ہر بچے کے مطابق ڈھالتا ہے، تاکہ تمام بچوں کی اپنی تعلیم اور نشوونمائی پیش رفت میں اعلیٰ توقعات حاصل کرنے میں کامیابی کے ساتھ اعانت کی جاسکے۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. تمام سب کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگراموں کا رہنمائی فلسفہ پروگرام کے معیار کے پیمانوں اور پری کنڈرگارٹن فاونڈیشن فار دی کامن کور کے رہنمائی اصول اور بچوں کے لیے نتائج کے ساتھ ہم آہنگ ہے، اور تمام بچوں کے لیے اعلیٰ توقعات کا اظہار کرتا ہے، بشمول متنوع قابلیتوں، ثقافتوں، زبانوں اور آموزشی انداز کے حامل بچے۔

b. پروگرام تمام بچوں اور خاندانوں کی ثقافتی اور لسانیاتی تنوعیت کا خیرمقدم اور اعانت کرتا ہے، اور کلاس روم اور پروگرام دونوں سطوح پر طریقہ ہائے کار کو موزوں طور پر ڈھالنے کے لیے خاندانوں کے ساتھ کام کرتا ہے۔

c. تدریسی عملہ یقینی بناتا ہے کہ بچے ایک جامع، اور سماجی اور جذباتی معاونتی ماحول میں اپنی تعلیم کا متعدد طریقوں سے مظاہرہ کرسکیں۔

d. تدریسی عملہ بچوں اور انکے خاندانوں کی یکتا ضروریات کی تکمیل میں تدریسی حکمت عملیاں، سرگرمیاں اور وسائل میں تمیز کرتا ہے۔

e. پروگرام انفرادی تعلیمی پروگراموں (IEPs) کی تیاری اور تعمیل میں بیرونی ایجنسیوں کے ساتھ مؤثر طریقے سے کام کرتا ہے جیسے خاص تعلیم سفری اساتذہ (SEIT) اور متعلقہ خدمات فراہم کنندگان، اور کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم ((CPSE، بشمول باقاعدہ ابلاغ اور پیش رفت کی نگرانی۔

## کڑی تدریس

### 6.  نشو ونمائی جانچ اور مستند تشخیص

**تدریسی عملہ تدریس کی تجدید کے لیے بچوں کی نشوونما اور آموزش کی مشترکہ فہم کو تمام شعبوں میں وسیع کرتا ہے-**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. پروگرامز یقینی بناتے ہیں کہ تدریسی عملہ مناسب طور پر تربیت یافتہ ہے اور پروگرام کے ذریعے استعمال کیے جانے والے جانچ اور تشخیص کے وسائل میں مدد کی جاتی ہے اور یہ طریقِ کار ثقافتی، لسانیاتی اور نشوونمائی طور پر موثر ہیں-

b. اساتذہ پروگرام میں داخل ہونے پر ایک مستند اور معتبر ارتقائی جانچ آلہ استعمال کرتے ہوئے تمام بچوں کی جانچ کرتے ہیں، اور جاری مستند تشخیصات کے ساتھ، ان اضافی معاونتوں کا تعین کرتے ہیں جو بچوں کو نصاب میں کامیابی کے ساتھ مصروفِ عمل ہونے میں درکار ہوسکتی ہیں-

c. اساتذہ ایک منظور کردہ، تحقیق پر مبنی مستند تشخیصی نظام کو اسکولی سال کے دوران ہر بچے کی ارتقائی پیش رفت اور آموزش کی نگرانی کے لیے استعمال کرتے ہیں، جس میں شامل ہے:

   i. بچوں کے افعال اور ابلاغ کی مشاہداتی نوٹس اور تصاویر کے ذریعے دستاویز کاری؛

   ii. طالب علم کے مستند کام کے ماحاصل کو جمع کرنا اور تجزیہ کرنا؛

   iii. پری کنڈرگارٹن فاونڈیشن فار دی کامن کور کے تمام شعبوں میں تشخیص، جو ذیل ہیں:

      1. تدریس کے طریقِ کار؛
      2. جسمانی نشو ونما اور صحت؛
      3. سماجی اور جذباتی فروغ؛
      4. ابلاغ، زبان، اور خواندگی؛
      5. ادراک اور دنیا کا علم-

d. تدریسی عملہ سرگرمی سے بچوں کی اپنی تعلیم کے بارے میں فہم اور خیالات کو تدریسی طریقہ ہائے کار میں شامل کرنے کے لیے تحریک دیتا ہے بذریعہ:

   i. بچوں سے انکے کام کی چیزوں کے بارے میں پوچھ کر اور منصوبوں یا اگلے اقدامات کے بارے میں گفتگو کرکے؛

   ii. بچوں سے کسی نظریے یا ایک نئی صلاحیت پیدا کرنے کے طریقِ کار کے فہم کی وضاحت کرنے کے لیے کہنا اور تبصراتی حلقوں میں شامل کرنا؛

e. اساتذہ پروگرام کی خاندانوں کے ساتھ شراکت کے ایک جز کے بطور انکے بچوں کے لیے مشترکہ فہم اور اہداف تخلیق کرنے کے لیے خاندانوں کے ساتھ انکے بچے کی جانچ کے بارے میں مراسلت کرتے ہیں اور مستند تشخیصات سے اعداد و شمار باقاعدہ انکے ساتھ بانٹتے ہیں-

## 7. نصابی منصوبہ بندی کا سائیکل

**تدریسی عملہ پری کے فاونڈیشن فار دی کامن کور کے ساتھ ہم آہنگ نصاب کی منصوبہ بندی اور مطابقت کرنے کے لیے بچوں کے علم، بچوں کی نشوونما، اور تدریسی شعبوں کے تمام مواد کو مدغم کرتا اور اس پر ردِعمل کرتا ہے۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. تدریسی عملہ پری کنڈرگارٹن فاونڈیشن فار دی کامن کور کے تدریسی اور ارتقائی شعبوں کے اندر اور مابین ان ترتیبوں اور حکمت عملیوں کے بارے میں باخبر ہے جس سے بچے سیکھتے اور نشوونما پاتے ہیں۔

b. پروگرامز یقینی بناتے ہیں کہ اساتذہ انفرادی بچوں اور چھوٹے گروپ میں تدریسی طریقِ کار کو امتیازی بنانے اور پوری کلاس کے لیے اسباق اور سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنے کے واسطے مستند تشخیصی نظام سے معلومات کو استعمال کرنے کے لیے مؤثر طور پر تربیت یافتہ ہیں۔

c. تدریسی عملہ نصابی سرگرمیوں اور تدریسی ماحول کی منصوبہ بندی اور ترمیم کرنے کے لیے باقاعدہ ملاقاتیں کرتا ہے، ذیل کی بنیاد پر:

  i. بچوں کی آموزش اور نشوونمائی پیش رفت کے تشخیصی اعداد و شمار؛

  ii. بچوں کی دلچسپیوں، پس منظر، اور آموزش کے لیے خیالات کا علم؛

  iii. نصابی مواد، سیکھنے اور نشوونما کی ترتیبوں اور شعبوں میں اور انکے مابین روابط کے مواقع کا علم؛

  iv. مؤثر خاندانی شمولیت سے جمع کئی گئی کوئی بھی دیگر تعلیمی یا نشوونمائی تشویش؛

  v. بچے کے IEP اہداف، اور ساتھ ہی SEIT اور / یا متعلقہ خدمات فراہم کنندگان کے ذریعے بانٹی گئی حکمت عملیاں، جیسا کہ قابلِ اطلاق ہو۔

d. تدریسی عملہ عمیق مضامینی تحقیقات اور آموزش منصوبہ بند کرتا ہے جو تمام شعبوں میں تدریسی مقاصد کو ضم کرتے ہیں اور سرگرم اور پُرمعنی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے متعدد مقامات شامل کرتا ہے۔

e. تدریسی عملہ معمولات قائم کرکے بچوں کی آموزش کے طریقوں کا احترام کرتا ہے، لچکدار رہتے ہوئے طلبا کی پسند کا خیال کرتا ہے، اور برجستہ "تدریسی لمحوں" سے فائدہ اٹھاتا ہے۔

f. تدریسی عملہ خاندانوں کو اپنی ثقافت، ہنر اور صلاحیتوں کو بانٹنے کے مسلسل مواقع فراہم کرتا ہے، اور خاندانوں کے ساتھ مسلسل ابلاغ کو یہ یقینی بنانے کے لیے استعمال کرتا ہے کہ نصاب بچوں کی زندگیوں کے تجربات کے لیے موثر اور بامقصد ہے۔

## 8. بچوں کو پُرمعنی سرگرمی میں مصروف کرنا

**تدریسی عملہ بچوں کو بطور سرگرم متعلمین کے مصروف رکھتا ہے اور بچو ں کے ساتھ روابط بنانے اور تمام شعبوں اور مختلف انواع کے پس منظروں اور تجربات میں بچوں کی تعلیم کو وسیع کرنے کے لیے موثر اور نشوونمائی طور پر مناسب حکمت عملیوں کو استعمال کرتے ہوئے بچوں کے ساتھ تعامل کرتا ہے۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. تدریسی عملہ بچے-اور بالغ-آغازکار سرگرمیوں کے ذریعے انفرادی، چھوٹے اور مکمل گروپ تدریس کے روزمرہ مواقع فراہم کرتا ہے۔

b. تدریسی عملہ پروگرام میں بچوں کی شمولیت کو مؤثر طریقے سے سہل بناتا ہے، اور PKFCC کے تمام شعبوں میں آموزش اور نشوونما کے لیے مختلف سرگرمیوں میں بچوں کی شراکت کی سطوح اور توجہ کو بڑھاتا ہے۔

   i. بچوں کے پہل کردہ دن کے حصوں میں، بچوں کو بااختیار بنایا جاتا ہے اور انکی متعدد سرگرمیوں، ساتھیوں اور تدریسی مواد عمداً خود منتخب کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

c. تدریسی عملہ طلبا کے نظریات کی سرگرمی سے حوصلہ افزائی کرتا اور انہیں پروگرام میں شامل کرتا ہے، اور بچوں کو آموزش کے نئے علوم، صلاحیتوں اور خیالات کے بارے تحقیق کرنے، دوبارہ غور کرنے، اطلاق اور ابلاغ کرنے کے لیے کافی وقت اور مواقع فراہم کرتا ہے۔

d. تدریسی عملہ ذیل کے ذریعے بچوں کی ابلاغی اور تفکرانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے قصداً زبان کا استعمال اور نمونہ پیش کرتا ہے:

   i. بچوں کے ساتھ اور ہمسروں کے مابین گفتگو کا آغاز کرکے، شامل ہوکر، یا اسے آگے بڑھا کر؛
   ii. بچوں کے ذخیرہ الفاظ اور انکی زبان کی پیچیدگی کو توسیع دے کر؛
   iii. بچوں کے تجربات اور افعال سے زبان کو مربوط کرنے کے لیے ذاتی اور متوازی بات چیت کا استعمال؛
   iv. بچوں کے تجربات یا افعال سے متعلقہ تفصیلی جواب والے سوالات پوچھ کر؛
   v. تجزیہ کاری، استدلال، تخلیقی سوچ اور مسائل سلجھانے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے بچوں کے ساتھ اکثر اور پُرمعنی طور پر شامل ہوکر۔

e. تدریسی عملہ معاونت، بحث کا استعمال کرتا ہے، اور بچوں کی روابط بنانے میں مدد کرنے کے لیے بچوں کی سرگرمیوں میں مواد کا قصداً انتخاب اور اضافہ کرتا ہے اور PKFCC کے تمام شعبوں میں نصاب کے نظریات کو بچوں کے تجربے، دلچسپیوں اور سابقہ آموزش سے مربوط کرتا ہے۔

f. تدریسی عملہ روزمرہ کے معمولات جیسے کھانے کا وقت اور منتقلیوں کو بطور پُرمقصد تدریسی تجربات کے استعمال کرتا ہے۔

## 9. ایک مثبت کلاس روم ثقافت تخلیق کرنا

**پروگرامز بچوں کو بااختیار بناتے ہیں اور بچوں کی ایک مثبت ذاتی نظریہ پیدا کرنے میں مدد کرتے ہیں اور بچوں کی انکے ہمسروں اور برادری کے بالغان اور انکے ماحول سے بااحترام اور تخلیقی طور پر تعامل کرنے میں عمداً رہنمائی کرتے ہیں-**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. تدریسی اور پروگرام عملہ تعلیم کی جانب ایک مثبت طرزِ عمل کا نمونہ پیش کرتا ہے اور اسکا اظہار کرتا ہے اور بچوں کی زندہ دلی، تجسس، استقامت، سعی و خطا کے ذریعے آموزش کی وساطت سے بچوں کی ایک مثبت ذاتی نظریہ پیدا کرنے اور خودمختاری اور قیادت کے مواقعوں کو فروغ دیتا ہے-

b. تدریسی اور پروگرام عملہ تمام دن کے دوران پُراحترام اور رحمدلانہ تعامل کا نمونہ پیش کرتا ہے اور اسے فروغ دیتا ہے، بچوں کے لیے تسکین اور معاونت کا وسیلہ بنتا ہے، اور بچوں کی دوسروں کے لیے ہمدردی اور لحاظ کی فروغ دہی کے لیے زبان، بحث، اور دیگر تدریسی حکمت عملیاں استعمال کرتا ہے-

c. تدریسی اور پروگرام عملہ ایک معمول قائم کرتے ہیں لیکن طلبا کے نظریات اور مسابقتوں کے بارے میں لچکدار اور رسائی پذیر رہتے ہیں، بچوں کو انکی تدریس میں مصروف رکھتے ہیں اور دن کے حصوں کے دوران ہموار منتقلی پیدا کرتے ہیں-

d. تدریسی عملہ بچوں کی کوششوں کے بارے میں واضح اور یکساں توقعات قائم کرتا ہے، بچوں کے مثبت طرزِ عمل کی فروغ دہی اور انکے انتخابات کے اثرات کی فہم کی عملاً اعانت کرتا ہے، اور بچوں کو اختلافات کے حل کی حکمت عملیوں کی مشق کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے-

e. تدریسی عملہ روزمرہ کے معمولات کے دوران بچوں کی ذاتی دھیان اور خود نظمی کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے حوصلہ افزائی اور رہنمائی فراہم کرتا ہے، جیسے بیت الخلا کا استعمال اور آرام-

f. تدریسی اور پروگرام عملہ بچوں کی پروگرام کے وسائل کے احترام اور ماحول کے لیے پائیدار طریق عمل کا نمونہ پیش کرتا اور فروغ دیتا ہے، جیسے مستقل وسائل کی استعمال کے بعد واپسی اور ردی مواد کو ری سائکل کرنا-

## 10. تدریس کے فطری وسائل

**پروگرام کا عملہ بامقصد کھیل کے ذریعے بچوں کی آموزش اور نشوونما کو سہل بنانے کے لیے کلاس میں اور باہر فطری جگہ اور وسائل تخلیق کرتے ہیں۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. تدریسی عملہ بچوں کی کھیل اور پروجیکٹ پر مبنی تدریسی مواقع کے ذریعے بین الکلیات آموزش اور اعلٰی پیمانے پر تفکر کی اعانت کرتا ہے، جو بچوں کی ضروریات کی تکمیل میں مختلف آموزشوں اور مواد کو شامل کرتے ہیں، جیسے:

i. مختلف فنونی میڈیا اور خاکوں کے ساتھ تخلیقی فنونی اظہار؛

ii. ڈرامائی کھیل جن میں مختلف سازوسامان اور پوشاک استعمال ہوتے ہیں جو متنوع پس منظر، دلچسپیوں اور تجربات کی نمائندگی کرتے ہیں؛

iii. ابتدائی خواندگی کے وسائل جیسے لائبریری، ارتقائی طور پر موزوں تحریری وسائل، اور تمام پروگرام کے دوران مطبوعہ آگاہی کو فروغ دینے والے وسائل؛

iv. سائنس/دریافت کے تجربات جس میں مٹی، پانی اور دیگر حسیاتی وسائل شامل ہیں؛

v. ریاضی کے مینوپلیٹو، بلاکس اور پزلز؛

vi. سازوں کے ساتھ موسیقی اور حرکت کے تجربات اور مختلف نوعیت کی موسیقی؛

vii. مجموعی عضلاتی حرکات کے آلات اور وسائل جو تمام بچوں کے لیے مناسب طور پر مسابقت طلب ہیں؛

viii. اجتمائی تفریحی دورے جو تعلیمی اور تفریحی ہوں؛

ix. تعلیم میں ٹیکنالوجی کا مناسب تعارف اور استعمال؛

x. صحت اور بہبود کی مشقیں جیسے کھانا پکانا یا دیگر ذاتی دیکھ بھال کے کام۔

b. پروگرام ایک ایسا تدریسی ماحول فراہم کرتا ہے جو بچوں پر مرتکز ہے، بمعہ مناسب مقدار اور معیار کے ذاتی دیکھ بھال کے وسائل کے، پروگرام میں روزانہ شامل ہونے کے لیے، بچوں کی تمام شعبوں میں تدریس اور نشوونما کی اعانت کے لیے فرنیچر اور آلات۔

c. تدریسی عملہ فطری ماحول کو ایسے ترتیب دیتا ہے کہ تمام بچے اپنے قدرتی تجسس کے مطابق، گروپ سرگرمی میں شامل یا تنہائی اور آرام کرنے کے لیے جگہ ڈھونڈنے کے لیے وسائل تک کامیابی اور خودمختاری سے رسائی حاصل کرسکیں اور کلاس روم میں اور بیرونی حصوں میں خودمختار طور پر اور ملکر کام کرنے کے لیے کافی جگہ ہو۔

d. پروگرام ثقافتی اور لسانیاتی طور پر متنوع وسائل فراہم کرتا ہے جو تنوعت کو فروغ دیتے ہیں اور پروگرام کے بچوں اور خاندانوں اور نیویارک شہر کی بطور ایک مجموعے کے نمائندگی کرتا ہے۔

## اشتراکی اساتذہ

### 11. پیشہ ورانہ طریق کار اور قیادت تخلیق کرنا

**قائدین اور تدریسی عملہ مسلسل پیشہ ورانہ تعلیم، اشتراک اور قائدانہ فروغ میں کلاس روم کے معیار اور پروگرام کے تجربے کو بطور شراکت دار کے بہتر بناتے ہیں۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. قائدین اور تدریسی عملہ (بشمول قائد اساتذہ اور معاون اساتذہ/ معاون پیشہ وران) ذیل کے لیے نظاموں کی تخلیق، معاونت اور ان میں شامل ہوتے ہیں:

i. بچے-، کلاس روم-، اور پروگرام سطح کے اعداد و شمار کی استفسار اور تفکر کے ذریعے باقاعدہ مشترکہ تجزیہ، ہر پروگرام کے سیاق و سباق میں پیشہ ورانہ طریقِ کار کی اثرپذیری کو فروغ دیتا ہے۔

ii. اساتذہ کا مشاہدہ، باہمی دورے، اور پیشہ ورانہ فروغ جو کہ بروقت، مستقل، شفاف، منصفانہ اور عملے کے ہر ممبر کے پیشہ ورانہ ارتقا اور پروگرام کے اہداف سے متعلقہ ہو۔

iii. تمام بچوں اور خاندانوں کی ضروریات کی اعانت کرنے کے لیے عملے کی استعداد کی فروغ دہی، بشمول IEPs کے حامل بچے، بچے جنکی آبائی زبان انگریزی نہیں ہے، یا وہ بچے جو اپنی آموزش اور نشوونما کے لیے کسی اور خاص توجہ کے حامل ہیں۔

b. قائدین عملے کو خوبیوں اور مسابقتوں کے بارے میں ثبوت پر مبنی تبصرات، پیشہ ورانہ تعلیم کے لیے قابلِ عمل اقدامات، عملے کی مقاصد اور پیش رفت کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیے جانے والے پیمانوں کے بارے میں حقوق اور وضاحت فراہم کرتا ہے۔

c. قائدین ایک سماجی، جذباتی اور پیشہ ورانہ اعانت کے ذریعے، اپنے عملے کی صلاحیتوں اور علم کی قدر اور قیادتی مواقع پیش کرکے، اور اتفات اور پیشہ ورانہ خصوصیات کا نمونہ پیش کرکے اپنے عملے کو برقرار رکھتے اور فروغ دیتے ہیں۔

d. قائدین اور منتظمین تمام پروگرام عملے کے ساتھ انکے کام سے متعلقہ مطلوبات اور پالیسیوں کے بارے میں مؤثر طریقے سے ابلاغ کرتے ہیں، اور عملے کو کسی بھی تجدید یا چیلنج سے باخبر رکھنے کے لیے طریق کار موجود ہیں اور حسبِ ضرورت تبدیلیاں کرنے کے لیے عملے کو شامل کیا جاتا ہے۔

## مؤثر اسکولی قیادت

### 12. ایک نظریہ قائم کرنا

**قائدین اپنے عملے کے مابین عمل کے ایک مشترکہ مقصد اور نظریے کو فروغ دیتے ہیں، اور اس مقصد کی اعانت میں ایک مثبت تنظیمی ثقافت اور برادری کی تعمیر کرتے ہیں-**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. قائدین اپنے پروگرام عملے اور خاندانوں کے ساتھ اور مابین ایک مشترکہ مقصد کو فروغ دیتے ہیں جو تمام بچوں کی اعلٰی توقعات حاصل کرنے میں مدد کرتا ہے، اور عملے اور خاندانوں کے ساتھ پروگرام کے نظریے اور اہداف کے بارے میں مستقل ابلاغ کے ذریعے ایک مخلص برادری کی تعمیر کرتے ہیں-

b. قائدین پروگرام کے لیے اپنے مقصد، عمل کے نظریے اور اہداف کو سب کے لیے پری کنڈرگارٹن کے پروگرام معیار کے نظریے اور PKFCC کے رہنمائی اصولوں سے اور بچوں کے نتائج کو بچوں اور خاندانوں کے لیے پُرمعنی بہتر مثبت نتائج سے باخبر اور ہم آہنگ کرتے ہیں-

c. قائدین تعامل اور پُراحترام، ذمہ دارانہ اور پیشہ ورانہ طرزِ عمل کے لیے اقدار اور اصول قائم کرکے انتظامی ثقافت کی تشکیل کرتے ہیں-

d. قائدین اپنی برادری میں خاندانوں کے ساتھ انکی ضروریات کے ردِعمل میں مؤثر ابلاغی حکمت عملیاں استعمال کرتے ہیں، جسکا نتیجہ سب کے لیے پری کنڈرگارٹن میں اعلٰی سطح کے اندراج اور خاندانی شمولیت ہوتا ہے-

e. قائدین NYCDOE، شہری ایجنسیوں اور دیگر تنظیموں کے ساتھ مؤثر تعلقات کو فروغ دیتے اور برقرار رکھتے ہیں، اور پروگرام کے مقصد کو آگے بڑھانے اور اہداف کی جانب پیش رفت کے لیے تنظیموں اور برادری کے افراد سے ساتھ الحاق کرتے ہیں-

## 13. وسائل کی منتظمی

**قائدین پروگرام کے اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے تنظیمی اور انسانی وسائل کو ایک پائیدار اور حکمت عملیانہ طریقے سے منظم کرتے ہیں۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. پروگرام کے قائدین سارا سال کے دوران حکمت عملیانہ منصوبہ بندی کرنے اور وسائل کو تدریس اور خاندانی شمولیت کے اہداف کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے مستحکم بجٹ اور مالی انتظامی تکنیکیں استعمال کرتے ہیں۔

b. پروگرام کے قائدین یہ یقینی بنانے کے لیے حکمت عملیانہ شیڈول کے فیصلے کرتے ہیں کہ تدریسی عملہ مؤثر طور پر تدریسی طریقِ کار میں سرگرم ہوسکتا ہے، بشمول منصوبہ بندی اور تیاری کرنے، بچوں کی تعلیم اور نشوونما تک رسائی اور تشخیص کرنے کا وقت، اور خاندانوں کے ساتھ باقاعدہ اور حسبِ ضرورت ابلاغ۔

c. پروگرام کے قائدین بچوں اور خاندانوں کی ضروریات کی تکمیل کے لیے درکار قابلیتوں (مثلاً صلاحیتیں، اندازِ فکر، اور علم) کے ساتھ بہترین ممکنہ اساتذہ اور پروگرام عملہ بھرتی کرتے اور ملازمت پر رکھتے ہیں۔

d. قائدین انسانی وسائل کے فیصلے کرتے ہیں جو پروگرام عملے کی انکے شعبے میں بطور ایک پیشہ ور کے قدر کرتے ہیں اور عملے کو پیشہ ورانہ تدریس، شراکتوں اور قیادتی فروغ میں مشغول ہونے کا موقع دیتا ہے۔

e. پروگرام کے قائدین یقینی بناتے ہیں کہ پیشہ ورانہ وسائل اور ٹیکنالوجی دستیاب ہیں اور تمام پروگرام عملے کے ذریعے موزوں طور پر استعمال کیے جاتے ہیں تاکہ اعلیٰ معیار کی تدریس، خاندانی شمولیت اور تنظیمی طریقِ کار کو یقینی بنایا جاسکے۔

**14. پروگرام کے معیار میں بہتری**

**قائدین کلاس روم اور پروگرام کے معیار کی تشخیص  اور بہتری کے لیے اپنے عملے اور خاندانوں کے ساتھ اشتراک کرتے ہیں، تدریسی، خاندانی شمولیت، اور تنظیمی اہداف قائم کرنے کے لیے ایک منظم اعداد و شمار پر انحصار کرتے ہوئے، پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت کو بڑھاتے ہیں۔**

**ایک پروگرام جس نے اس پیمانے کو مکمل طور پر نافذ کیا ہے وہ ذیل کی تمام خصوصیات کا مظاہرہ کرتا ہے:**

a. قائدین یقینی بناتے ہیں کہ اصلاح کے منصوبے بچے، استاد، کلاس روم اور پروگرام کی سطح پر اعداد و شمار کی مختلف قسموں اور وسائل کے مؤثر مجموعے اور انتظام کے ذریعے مشاہدات پر مبنی ہیں (مثلاً: حاضری، مستند تشخیصات، سروے،ECERS-R, CLASS وغیرہ)

b. قائدین پروگرام کے عملے کے ساتھ باقاعدہ اعداد و شمار کا تجزیہ کرنے کے لیے الحاق کرتے ہیں، پروگرام کو اسکی خوبیوں اور مسابقتوں کی ایک درست نمائندگی فراہم کرتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ نتائج پر منظم اور منصفانہ طور پر پہنچا جاسکے۔

c. قاۤدین تدریسی عملے اور خاندانوں کے ساتھ الحاق کرتے ہیں اور بہتری کے اہداف اور منصوبے تیار کرتے وقت برادری کے اختیار  اور ایک مشترکہ قیادتی وضع کو فروغ دیتے ہوئےبچوں کے نظریات کو شامل کرتے ہیں۔

d. قائدین اصلاح کے منصوبوں کے نفاذ کو یقینی بناتے ہیں، پروگرام کے اہداف کے حصول کی جانب پیش رفت کی نگرانی کرتے ہیں، اور کلاس روم اور پروگرام کے معیار کی بہتری کا ایک لگاتار سلسلہ جاری رکھنے کے لیے اس نفاذ کے نتائج کی تشخیص کرتے ہیں۔

    i. پروگرام کی اصلاح کی کاوشوں کے نتائج کی تشخیص میں قائدین خاندان اور برادری کی شمولیت کی اثرانگیزی، بچوں، خاندانوں یا عملے کے لیے کسی بھی غیرارادی نتائج کی تشخیص کرتے ہیں، اور یہ کہ پروگرام کے اہداف کس حد تک سماجی طور پر ذمہ دار ہیں اور تعلیم میں مساوات حاصل کرتے ہیں۔